بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف اول

خط و کتابت کورس

اکثر قارئین اس امر سے واقف ہیں کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور نے تعلیم و تعلمِ قرآن کے ضمن میں جہاں قرآن کالج اور ایک سالہ دینی کورس کا اجراء کیا وہاں اس تعلیمی عمل کو وسعت دینے کے لئے خط و کتابت کورس بھی رفقاء واحباب میں متعارف کرایا۔ پیش نظر یہ تھا کہ وہ احباب جو دینی تعلیم کے حصول کی خاطر ایک سال کے لئے اپنے آپ کو کُل وقتی بنیادوں پر فارغ نہ کر سکتے ہوں' **ما لا یُدرَکُ کلّہ لا یُترَکُ کلّہ**" کے اصول کے تحت بالکل محروم نہ رہیں بلکہ خط و کتابت کورس کے ذریعے کچھ نہ کچھ دینی تعلیم ضرور حاصل کر لیں۔ اسطرح کے کورس میں چونکہ اوقات کی کوئی ایسی قید نہیں ہوتی کہ انسان لازماً دن کا کوئی ایک معین حصہ اس کے لئے مقرر کرے بلکہ اپنی سہولت کے مطابق اوقات کو آگے پیچھے بھی کیا جا سکتا ہے بلکہ انتہائی مصروفیت کی صورت میں اسے کچھ عرصے کے لئے موقوف بھی کیا جا سکتا ہے لہٰذا اگر یہ کہا جائے کہ دینی علم کے حصول کا یہ سہل ترین طریق ہے ' تو قطعاً غلط نہ ہوگا۔ تاہم ہمیں اس بات کا اعتراف ہے کہ یہ طریق تعلیم اتنا مؤثر نہیں ہے جتنا کہ ایک سال دینی تعلیم کے لئے فارغ کر کے اور باقاعدہ قرآن کالج میں داخلہ لے کر ہمہ تن حصولِ علم کی جانب متوجہ ہو جانا! ----- لیکن جیسا کہ شروع میں عرض کیا گیا' خط و کتابت کورس' اصلاً ہے ہی ان حضرات کے لئے جن کے لئے کسی طور پر بھی ایک سالہ کورس کے لئے وقت نکالنا ممکن نہ ہو! ---- ایسے حضرات کو بہرصورت اس کورس سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے اور اگر اب تک اس جانب توجہ نہیں ہوئی تھی تو مزید وقت ضائع کئے بغیر فی الفور اس کورس میں شمولیت اختیار کر لینی چاہئے۔

فی الوقت اس شعبے کے تحت دو خط و کتابت کورس چل رہے ہیں۔ ایک کورس کا عنوان ہے : "قرآن حکیم کی فکری و عملی رہنمائی" --- یہ کورس بنیادی طور پر محترم

(باقی صفحہ ۸ پر)